یہ سب تمہارا کرم ہے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے

انوارِ شیرِ ربانیؒ

ڈاکٹر نذیر احمد شرقپوری

3508

ناشر

مکتبہ نورِ اسلام شرقپور شریف ضلع شیخوپورہ

یہ سب تمہارا کرم ہے آقا صلی اللہ علیہ وسلم
کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے

انوارِ شیرِ ربّانی رح

ڈاکٹر نذیر احمد شرقپوری

ناشر
مکتبہ نورِ اسلام شرقپور شریف

Marfat.com

3...
86706

حقوق اشاعت محفوظ

پیر طریقت رہبر شریعت ماحی بدعت حامی شریعت فخر المشائخ حضرت صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری نائب سجادہ آستانہ عالیہ شرقپور شریف ضلع شیخوپورہ کے زیر نگرانی و زیر سرپرستی شائع ہوئی

نام کتاب ---------------- انوار شیر ربانی

مولف ---------------- ڈاکٹر نذیر احمد شرقپوری

ناشر ---------------- مکتبہ نور اسلام شرقپور شریف

چھاپہ خانہ ---------------- آر زیڈ پیکجز
2۔کورٹ سٹریٹ لاہور

پروف ریڈنگ ---------------- صوفی اللہ رکھا شرقپوری

سن اشاعت ---------------- اگست 1999ء (ربیع الثانی 1420ھ)

تعداد ---------------- 500

قیمت ---------------- 150 روپے

کمپیوٹر کمپوزر ---------------- ظہیر غوری

ملنے کا پتہ ---------------- (1) کاشانہ شیر ربانی، مکان نمبر 5، اجمیری سٹریٹ، ہجویری محلہ، نزد حضرت داتا گنج بخش لاہور۔

(2) مکتبہ نور اسلام، شرقپور شریف، ضلع شیخوپورہ

Marfat.com

فطرت میں یہ جذبہ یعنی جذبہ محبت ایک بیش قیمت امانت ہے اور یہی جذبہ عکس ہے کنت کنز امخفیافا حببت ان اعرف کا کہ ذات احد نے اپنی ذاتی محبت کے اظہار کے لئے اپنی صفت خلق کو ظاہر فرمایا اور کون و مکان اور امرد آخرت کا سلسلہ جاری فرمایا جس کی ابتداء تو ہوتی ہے لیکن انتہا نہیں ہے۔

حضرت میاں صاحبؒ اس جذبہ کے خزانہ دار تھے اور بچپن سے لے کر عرفان و عمر کی انتہا تک یہی جذبہ آپؒ کے ساتھ رہا اور اس جذبہ کی برکت تھی کہ ہر زائر کے آنسو نکل آتے تھے اور آپؒ کے سامنے زائر ایسا گداز ہوتا کہ دنیا و مافیہا کو بھول جاتا فنائے ذات کے لئے یہی جذبہ اکسیر اعظم ہے ورنہ تو آدمی کا نفس بہت ہی سخت جان ہے اپنی موت کو اختیار سے کسی کو قبول کرنا بھی اس کے لئے مشکل اور موت ہے اور محبت فنا فی المحبوب کے بغیر محبت نہیں ہے وہ نفس کی ایک مرکب کیفیت ہے کہ حیوانی جذبہ کے لطیف اثرات آسمانی جذبہ کے ابتدائی اثرات سے مل کر محبت کا ایک ظلی نمونہ بنا لیتے ہیں اور اپنے آپ کو بھی دھوکا لگ جاتا ہے اور دوسرے بھی دھوکہ میں رہتے ہیں ایسا شخص فنا فی المحبت کی بجائے بقائے نفس کے اثرات کا حامل ہوتا ہے۔

محبت نہیں ہے وہ کچھ اور شے ہے
سکھاتی ہے جو غزنوی کو ایازی

ہاں اگر ایسا مرکب جذبہ رکھنے والا کامل شیخ کی بھٹی میں پڑ جائے تو ناقص اور نفسانی مادی تاثرات کو کامل کی حقانی محبت کے انوار جلا دیتے ہیں اور خالص محبت (جو فنا فی المحبوب کے سوا کچھ نہیں) کو نکھار دیتے ہیں۔

Marfat.com